**26.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں کرتویہ پتھ سے 77 ویں یوم جمہوریہ کا جشن منانے میں قوم کی قیادت کی۔

☆ کرتویہ پتھ پر یوم جمہوریہ کی پریڈ میں بھارت کی گوناگو ثقافت اور فوجی طاقت کے منفرد منظرنامے کو نمایاں کیا گیا۔

☆ صدر دروپدی مرمو نے بھارتی فضائیہ کے گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا کو بھارت کے اعلیٰ ترین امن کے دور کے شجاعت کے ایوارڈ اشوک چکر سے نوازا۔

☆ تینوں مسلح افواج کی جھانکی میں اہم ہتھیاروں کے نظام کی جھانکیاں نمایاں کی گئیں، جنھیں آپریشن سندور کے دوران بھارتی فوج کی طرف سے استعمال کیا گیا تھا۔

☆ یوروپی کونسل کے صدر انتونیو کوستا اور یوروپی کمیشن کی صدر اُرسلا فوندیر Leyen نے یومِ جمہوریہ کی تقریبات میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے یوم جمہوریہ کی پریڈ کا نظارہ کیا۔

☆ ملک اور بیرون ملک کے مختلف حصوں سے یوم جمہوریہ کی تقریبات منائی جانے کی خبریں موصول ہورہی ہیں۔

☆ اور امریکہ میں شدید سرد طوفان سے بجلی خدمات متاثر ہوئیں اور ہزاروں پروزاوں پر اثر پڑا اور بہت سے لوگ ہلاک ہوگئے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Republic Day 2026**

ملک آج 77 واں یومِ جمہوریہ منا رہا ہے۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے یومِ جمہوریہ کا جشن منانے میں نئی دلّی میں کرتویہ پتھ سے ملک کی قیادت کی۔

وزیراعظم نریندر مودی کے قومی جنگی یادگار پہنچنے کے ساتھ تقریب کا آغاز ہوا، جہاں انھوں نے اپنی جان کی عظیم قربانی پیش کرنے والے سورماؤں کو گل دائرہ نذر کرکے خراجِ عقیدت پیش کرنے میں ملک کی قیادت کی۔

صدر دروپدی مرمو ایک رسمی بگھی میں سوار ہوکر پریڈ کے مہمانِ خصوصی، یوروپی کاؤنسل کے صدر انتونیو کوستا اور یوروپی

کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen کے ہمراہ کرتویہ پتھ پہنچیں۔ قومی پرچم لہرایا گیا جس کے بعد105mm لائٹ فیلڈ توپوں کا استعمال کرتے ہوئے 21 توپوں کی سلامی کے ساتھ قومی ترانہ پیش کیا گیا۔

**VC - Priya**

آج کرتویہ پتھ پر یومِ جمہوریہ کی پریڈ میں بھارت کی گوناگو ثقافت اور فوجی طاقت کے ایک منفرد منظرنامے کو نمایاں کیا گیا۔ اِس سال کا موضوع ہے : ''سوتنترتا کا منتر - وندے ماترم'' اور ''سمردھی کا منتر - آتم نربھر بھارت''۔

پریڈ کے دوران، مختلف ریاستوں، مرکز کے زیر انتظام علاقوں، مرکزی حکومت کی وزارتوں اور محکموں کی 30 جھانکیاں نکالی گئیں۔ جھانکیوں میں قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال پورے ہونے کے موقعے پر ایک منفرد نمائش کے ساتھ ملک کی ثقافتی گوناگونیت کو پیش کیا گیا اور مختلف شعبوں میں بڑھتی ہوئی خود کفالت کے پس منظر میں ملک کی تیز تر ترقی کو بھی نمایاں کیا گیا۔ مسلح افواج کی تینوں شاخوں کی جھانکیاں اور جدید ہتھیاروں کے نظام کی جھلک پیش کی گئی، جنہیں آپریشن سندور کے دوران، بھارتی فوج کے ذریعے استعمال کیا گیا تھا، جو پریڈ کی ایک اہم توجہ کا مرکز رہی۔

اصل فوجی ہتھیاروں میں جنگی ٹینک ارجن، گہرائی تک وار کرنے والے ہتھیاروں کی صلاحیتوں کے ساتھ راکٹ لانچر نظام سُریہ اَستر، BrahMos اور آکاش جیسے ہتھیار بھی شامل تھے، جو کہ آج کرتویہ پتھ میں پریڈ کے دوران نمایاں کیے گئے۔ صدر دروپدی مرمو نے بھارتی فضائیہ کے گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا کو بھارت کے اعلیٰ ترین امن کے دور کی شجاعت کے ایوارڈ اشوک چکر سے نوازا۔ آج کی تقریب رافیل، Su-30، C-295، Mig-29، اپاچے کے علاوہ دیگر جنگی طیاروں سمیت بھارتی فضائیہ کے 29 طیاروں کے ذریعے فلائے پاسٹ کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔ پریڈ کے دوران، 2 ہزار 500 سے زیادہ فن کاروں نے ثقافتی کارکردگی پیش کی۔ زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے خصوصی مہمانوں نے بھی آج کی تقریب میں شرکت کی۔

پریا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ............

## VP - PM Republic Day

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے 77ویں یومِ جمہوریہ کے موقع پر بھارت اور بیرونِ ملک کے شہریوں کو نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں، نائب صدر نے کہا کہ بھارت، انصاف، آزادی، مساوات اور بھائی چارے کے لافانی خیالات پر قائم ایک درخشاں جمہوریت ہے۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بھی یومِ جمہوریہ کے موقع پر ہموطنوں کو نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب مودی نے خواہش ظاہر کی کہ یہ دن ترقی یافتہ ملک کی تعمیر میں شہریوں کیلئے نئی توانائی اور جوش لے کر آئے۔x

## States RD

ملک کی مختلف ریاستوں میں انتہائی گرم جوشی کے ساتھ آج 77 واں یوم جمہوریہ منایا جارہا ہے۔ ہریانہ کے پنچکولہ میں پریڈ گراؤنڈ میں 77 ویں یوم جمہوریہ کے موقعے پر ریاستی سطح کی ایک تقریب منعقد ہوئی، جہاں ہریانہ کے گورنر پروفیسر آشیم کمار گھوش نے قومی پرچم پھہرایا اور مارچ پاسٹ سے سلامی لی۔

آسام میں گوہاٹی کے خاناپاڑا میں ریاستی سطح کی اصل تقریب منعقد ہوئی، جہاں گورنر لکشمن پرساد آچاریہ نے قومی پرچم پھہرایا۔

گجرات میں Vav-Tharad ضلع میں پہلی بار ریاستی سطح کی یوم جمہوریہ کی تقریب ہوئی۔ پریڈ دیکھنے آئے لوگ، پولیس کی کارکردگی کے علاوہ، فضائیہ کے پھول نچھاور کرنے سے کافی متاثر ہوئے۔

چھتیس گڑھ میں گورنر Ramen Deka نے رائے پور میں قومی پرچم پھہرایا اور پریڈ کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ماؤنوازوں کے تشدد کے خاتمے کی کوششوں کے بارے میں بات کی اور کہا کہ بہت سے نکسلیوں نے آئین پر اعتماد کرتے ہوئے خود سپردگی کردی ہے۔

اُڈیشہ میں گورنر ہری بابو Kambhampati نے بھونیشور یں قومی پرچم پھہرایا اور سلامی لی۔ پریڈ میں سکیورٹی فورسز، طلبا اور ثقافتی گروپوں نے بھی شرکت کی۔x

## Padma Awards

حکومت نے سال 2026 کیلئے 131 پدم انعامات کا اعلان کیا ہے۔ اِن میں پانچ پدم وبھوشن، 13 پدم بھوشن اور 113 پدم شری شامل ہیں۔ انعام پانے والوں میں 19 خواتین ہیں اور 16 شخصیات کو بعد از مرگ اِن انعامات سے نوازا جائے گا۔ پدم انعامات سے سرفراز کی جانے والی اہم شخصیات میں اداکار دھرمیندر اور Mammootty، سپریم کورٹ کے جج KT Thomas ، سیاستداں VS Achuthanandhan، گلاکارہ اَلکا یاگنِک اور کرکٹ کھلاڑی روہت شرما شامل ہیں۔ جن شخصیات کو پدم بھوشن انعام دیا جائے گا، اُن میں شامل ہیں، اتراکھنڈ کے سابق وزیرِ اعلیٰ بھگت سنگھ کوشیاری اور تمل ناڈو کے Kallipatti Ramasamy Palani۔ دیگر انعام پانے والوں میں Nori Dattatreyudu، وِجے امرت راج، تمل ناڈو کے S.K.M. Maeilanandhan، Shatavadhani R. Ganesh، بینکر اُدے Kotak اور Vellappally Natesan شامل ہیں۔ اِس کے علاوہ، پیوش پانڈے، وی کے ملہوترا اور شیبو سورین کو بعد از مرگ پدم بھوشن سے نوازا جائے گا۔ x

## World RD Celebration

بنگلہ دیش کے ڈھاکہ میں واقع بھارتی ہائی کمیشن میں آج بھارت کا 77واں یومِ جمہوریہ جوش و خروش اور حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ Chancery بلڈنگ میں منعقد تقریبات میں بھارتی برادری کے اراکین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ہائی کمشنر نے بھارتی برادری کے افراد کا خیرمقدم کیا اور انہیں اِس موقع پر مبارکباد پیش کی۔ اِس کے بعد ڈھاکہ کی بھارتی برادری کے اراکین نے حب الوطنی کے نغمے پیش کئے۔

سری لنکا میں بھی بھارتی ہائی کمیشن، جزیرے کے اپنے سفارتی دفاتر میں 77واں یومِ جمہوریہ منا رہا ہے۔

اِدھر سنگاپور کی Chancery میں بھارت ہائی کمشنر ڈاکٹر Shilpak Ambule نے 77ویں یومِ جمہوریہ تقریبات میں بھارتی برادری کی قیادت کی۔

امریکہ نے یومِ جمہوریہ کے موقع پر بھارت کو مبارکباد دی ہے۔ امریکی وزیرِ خارجہ Marco Rubio نے کہا ہے کہ ایسے میں جب بھارت اپنے آئین کو اپنانے کی یاد میں جشن منا رہا ہے، تب امریکہ بھی دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کے قیام کی اہمیت کے اعتراف میں شامل ہیں۔

چین کے شنگھائی میں بھارت کے قونصل جنرل پرتیک ماتھُر کی قیادت میں 77 ویں یومِ جمہوریہ تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ ان تقریبات میں بھارتی برادری کے 400 سے زیادہ اراکین، چینی برادری، سفارتی اور قونصلر اہلکاروں سمیت 20 یوروپی یونین قونصل جنرلز نے شرکت کی۔ x

## US Winrter Storm

امریکہ میں زبردست سرمائی طوفان کی وجہ سے 10 لاکھ سے زیادہ لوگ بجلی سے محروم ہوگئے ہیں، ہزاروں پروازوں میں رخنہ پڑا ہے اور جنوب سے شمال مشرق تک شدید سردی اور برف کی وجہ سے کئی لوگوں کی موت ہوگئی۔ کئی ریاستوں کے حکام نے خبر دی ہے کہ شدید سردی اور برفباری کی وجہ سے جنوب اور اوقیانوس کے وسطی حصوں میں پیڑ اور بجلی کی لائینیں گر گئیں۔

Tennessee میں صورتحال اور بھی زیادہ خراب ہے، جہاں بجلی کے کھمبے اور پیڑوں کے گرنے سے تین لاکھ سے زیادہ افراد بجلی سے محروم ہوگئے ہیں۔ Nashville الیکٹرک سروس نے خبردار کیا ہے کہ آنے والے دنوں میں بجلی کی عدم دستیابی جاری رہ سکتی ہے کیونکہ بنیادی ڈھانچے تک رسائی اور اُن کی مرمت میں عملے کو شدید خطرات کا سامنا ہے۔

پورے امریکہ میں فضائی خدمات بھی مفلوج ہوکر رہ گئی ہیں۔ جمعہ کے روز سے 30 ہزار سے زیادہ پروازیں غیری یقینی صورتحال کا شکار ہیں، 18 ہزار سے زیادہ منسوخ ہوچکی ہیں اور بڑے ہوائی اڈوں کو اپنی خدمات یا تو روکنی پڑی ہیں یا انہیں محدود کرنا پڑا ہے۔ x

## Rajnath - Article

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج کہا ہے کہ بھارت پہلی عوامی جمہوریہ ہے، جہاں جمہوریت نہ صرف عوام کی ہے، عوام کے ذریعے کی جاتی ہے، لیکن یہ خاص طور سے عوام کیلئے بھی ہے۔ ایک انگریزی روزنامے کیلئے ایک آرٹکل لکھتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ ایک عوامی جمہوریہ کے وعدے کا اندازہ اِس طرح لگایا جاتا ہے کہ کس طرح ریاست ایمانداری سے اپنے عوام کی خدمت انجام دیتی ہے۔ جناب سنگھ نے مزید کہا کہ عوام کی خدمت کرنا، ایک مصمم عزم کا اظہار ہے اور یہ ایک جاری عمل ہے۔ اپنے آرٹکل کے ذریعے انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت کے ترقی کے سفر کو اجاگر کیا۔ وزیر دفاع نے 77 ویں یوم جمہوریہ کے موقع پر ملک کے شہریوں کو مبارکباد بھی دی۔x

## EU - Leaders Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل نئی دلّی میں، یوروپی کونسل کے صدر انتونیو لوئی سانتوس داکوستا اور یوروپی کمیشن کی صدر اُرسلا فونڈیر Leyen سے ملاقات کی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے اعتماد ظاہر کیا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ دونوں رہنماؤں کی آئندہ بات چیت سے بھارت-یوروپی یونین تعلقات میں ایک نئے باب کا اضافہ ہوگا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے یوروپی کمیشن کے نائب صدر Kajja Kallas سے بھی بات چیت کی، جو کافی ثمرآور رہی۔×

## EC Suspends - BDO

بھارت کے چناؤ کمیشن نے Basirhat-2 بلاک کی BDO اور اسسٹنٹ انتخابی رجسٹریشن آفیسر AERO سُمِترا پراتم پردھان کو فوری طور پر معطل کردیا ہے۔ محترمہ سُمِترا کو Basirhat-2 نارتھ اسمبلی حلقے کیلئے ووٹر فہرست پر نظرثانی کے معاملے کی سماعت کے دوران، بے ضابطگیوں کے سنگین الزامات کے بعد معطل کیا گیا ہے۔ انہیں چناؤ سے متعلق سبھی ذمہ داریوں سے ہٹا دیا گیا ہے۔ مغربی بنگال کے چیف سکریٹری کو ایک خط میں کمیشن نے ایک سو پچیس Basirhat-2 حلقے میں سماعت کے دوران، کی گئی خلاف ورزیوں کا ذکر کیا۔ پردھان نے مبینہ طور پر 11 اضافی AEROs مقرر کیے تھے اور اپنے طور پر ازخود غیر قانونی احکامات کے ذریعے سماعت کی تھی۔ حالانکہ، اِس سلسلے میں ایسا کرنے کیلئے کوئی قانونی اتھارٹی نہیں تھی۔

کمیشن نے کہا ہے کہ اِس طرح کی کارروائیاں، عوامی قانون 1950 کی نمائندگی کرنے کی دفعہ 13C کی واضح خلاف ورزی ہے اور یہ سنگین بد انتظامی کے مترادف ہے۔×

## Cricket - T20

کرکٹ میں، گوہاٹی Barsapara میں ACA اسٹیڈیم میں ہونے والی پانچ میچوں کی سیریز کے تیسرے T20 میچ میں، کل رات بھارت نے نیو زیلینڈ کے خلاف 8 وکٹ سے فیصلہ کُن اور شاندار جیت حاصل کی۔

بھارتی ٹیم نے محض 10 اووَرز میں 2 وکٹ کے نقصان پر نیو زیلینڈ کی طرف سے دیے گئے رن کے نشانے کو حاصل کرلیا۔ ابھیشیک شرما نے 20 گیندوں میں 68 رن بنائے، جبکہ کپتان سوریہ کمار یادو نے 26 گیندوں میں 57 رن بنائے۔ سوریہ کمار کی قیادت میں بھارتی ٹیم کو سیریز میں اب تین-صفر کی سبقت حاصل ہوگئی ہے۔

چوتھا ٹی-ٹوئٹی میچ بدھ کو وشاکھا پٹنم میں کھیلا جائے گا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆